14-12-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست میں دوسرے مرحلہ کے پنچایت انتخابات کے نتائج میں سرپنچ عہدوں کیلئے کانگریس پارٹی کے تائیدی امیدواروں کو واضح برتری۔

۲۔ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا ریاست میں اندراماں مکانات تمام مستحق افراد کو فراہم کیئے جائیں گے۔

۔خریف سیزن میں دھان کے حصول کا عمل آسان طریقہ سے انجام دینے کیلئے اقدامات کی خواہش۔مرکزی حکومت کو ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی کا مکتوب۔

اور

۴۔ریاست میں اگلے 48 گھنٹوں دوران بعض اضلاع میں معمول سے دو تا تین ڈگری درجہ حرارت میں کمی کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

BRS

سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں اس مہینہ کی 19 تاریخ کو بی آر ایس ایل پی اور بی آر ایس ارکانِ عاملہ کا توسیعی اجلاس منعقد ہوگا۔بی آر ایس پارٹی نے تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ آندھرا پردیش کی جانب سے تلنگانہ کے دریاؤں کا پانی استعمال کیا جا رہا ہے لیکن اس پر ریاستی حکومت کا رویہ مایوس کن ہے۔بی آر ایس پارٹی کے ذرائع کے مطابق آبپاشی پراجکٹس کے معاملہ میں کانگریس حکومت کی لاپرواہی پر تبادلہ خیال کے ساتھ مستقبل میں عوامی تحریک سے متعلق حکمتِ عملی کو اس اجلاس میں قطعیت دی جائے گی۔

Uttam Kumar Reddy

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کو ریاستی وزیرآبپاشی اتم کمارریڈی نے ایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے جاریہ خریف سیزن میں دھان کی حصول کا عمل آسان طریقہ سے انجام پانے اوراس میں کسی بھی طرح کی دشواریاں پیش نہ ہوں اس کیلئے اقدامات کی خواہش کی ہے۔ اسی طرح انہوں نے ریاست تلنگانہ کے محکمہ سیول سپلائز سے متعلق بعض اہم موضوعات کا بھی اس میں ذکرکیا۔ ریاستی وزیرنے خواہش کی کہ 2025-26 ءمارکیٹنگ سیزن میں ریاستی حکومت پر معاشی بوجھ کم کرنے کے لئے مرکز کی جانب سے اقدامات کئے جائیں۔

Nallamala

ریاستی حکومت کی جانب سے نلہ ملہ کے جنگلاتی علاقہ میں واقع مقدس مقامات، سیاحتی علاقوں کی ترقی کیلئے خصوصی حکمتِ عملی کوقطعیت دی گئی ہے۔نلہ ملہ میں سیاحتی ہب کے نام سے سیاحتی علاقہ میں کاٹیج ، سفاری کے قیام کی سہولت فراہم کی جانے والی ہے۔اس سے متعلق آئندہ سال جنوری میں ریاستی وزیرسیاحت جوپلی کرشنا راؤ کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقدہوگا۔

MBBS Seat

پارلیمنٹری سطح کی کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کہاہے کہ ملک میں ایم بی بی ایس نشستوں کے معاملہ میں ریاستوں کے درمیان یکسانیت نہیں ہے۔ بتایا گیا ہے کہ بعض ریاستوں میں زیادہ اور بعض ریاستوں میں قومی سطح سے کم میڈیکل کی نشستیں ہیں۔رپورٹ کے مطابق ملک میں دس لاکھ آبادی کیلئے 75ایم بی بی ایس کی نشستیں دستیاب ہیں جبکہ تلنگانہ، کرناٹک، ٹاملناڈو ریاستوں میں 150 تک اور پڈوچیری میں دوہزارتک میڈیکل نشستیں دستیاب ہیں۔

Indiramma House

ریاستی وزیر جی وویک نے کہا ہے کہ ریاست میں پسماندہ طبقات کے ذاتی مکان کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے اور ان کی عزت نفس کی خاطر اندراماں مکانات تمام مستحق افراد کوفراہم کیئے جائیں گے۔انہوں نے بتایا کہ ابھی تک ریاست کے ہر حلقہ میں 3500 کے حساب سے مکانات مختصر کیئے گئے ہیں۔آئندہ جنوری میں مزید 3500 مکانات منظور کیئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر نے ضلع منچر یال کوٹا پلی منڈل کے کنڈم پیٹ،ملم پیٹ، نکلا پلی مواضعات میں کانگریس پارٹی کے سرپنچ امیدوار کی تائید میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔س موقع پر ریاستی وزیر وویک نے کہا کہ پنچایت انتخابات کا عمل مکمل ہونے کے بعد ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی کے انتخابات ہوں گے۔

Sound Byte.

Football

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ہماری ریاست میں اولمپکس کیلئے طاقتور صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ میسی گوٹ ٹور کے ذریعہ کھیلوں کی دنیا میں تلنگانہ نے ایک خاص مقام حاصل کیا ہے۔ چیف منسٹر نے مزید کہا کہ حیدرآباد میں پروگرام کے ذریعہ شاندار اعزاز حاصل کیا گیا ہے اور یہ کھیل تقاریب مزید ٹورنمٹس کے ریاست میں انعقاد کیلئے ایک تحریک ثابت ہوگی۔

National Energy Conservation day

ملک میں ہر سال ماہ دسمبر کے دوسرے اتوار کو نیشنل انرجی کنزرویشن ڈے منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر ایندھن کی بچت کے تعلق سے ہماری ذمہ داری، ملک کی ترقی اور ہمارا ہدف کے نعرے کے ساتھ جاریہ سال ملک بھر میں شعور بیداری اجلاس منعقد کیئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر

مرکزی وزارتِ ایندھن نے اپیل کی ہے کہ ہر یونٹ برقی کی بچت کے ذریعہ مستقبل کی بنیاد رکھیں، ایندھن کو کسی بھی صورت میں ضائع نہ کریں اور آنے والی نسلوں کو ایندھن کی فراہمی کیلئے ہر کوئی اپنی ذمہ داری نبھائے۔

Aadhaar

پیدائش سے لے کر اندرون 6 ماہ تک کی عمر کے بچوں کے آدھار کے اندراج میں تیزی پیدا کرنے کے مقصد سے ریاستی حکومت نے آدھار کے اندراج کی ذمہ داری آنگن واڑی مرکز کو سونپی۔ اسی دوران آئی سی ڈی ایس کے عہدیداروں نے تاحال آدھار کیلئے اندراج نہ کرنے والوں کو نشاندہی کرتے ہوئے فوری اندراج کا عمل مکمل کرنے کے لئے احکامات جاری کئے ہیں۔ مشورہ دیا گیا ہے کہ 6 ماہ سے کم عمر کے بچوں کے آدھار کے اندراج کیلئے انہیں متعلقہ ولیج سچی والا یم سے رجوع کیا جائے۔

CS Rama Krishna Rao

چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے عہدیداروں سے کہا ہے کہ ریاست کے تمام اضلاع میں پنچایت انتخابات آزادانہ اور شفاف طریقہ سے منعقد کئے جائیں۔ انہوں نے آج ضلع ناگر جنا ساگر میں آندھراپردیش گروکل جونیر کالج کی گولڈن جوبلی میں شرکت کیلئے جاتے وقت نلگنڈہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی، ایس پی شرد چندرا پوار، گرام پنچایت انتخابات مبصر کے لکشمی، اسٹیٹ مینرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن، وائس چیرمین بھاویش مشرا نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پولیس کی سلامی لی اور بعدازاں عہدیداروں کے ساتھ ضلع کی ترقی سے متعلق موضوعات کا جائزہ لیا۔

Kalvakuntla Kavitha

صدر تلنگانہ جاگروتی کویتا نے الزام عائد کیا کہ الکٹرک بسوں کے نام سے آر ٹی سی کو خانگیانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ سابق میں شہر میں بسیں 7500 چلائی جاتی تھیں،مفت سہولت کے بعد اس کی تعداد 3500 کردی گئی جس سے مسافرین کو کافی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ جب حمل ونقل کی سہولت بہتر نہیں ہوگی تو حیدرآباد عالمی معیار کا شہر کیسے بنے گا۔انہوں نے ریاستی حکومت سے کونڈاپوچماں ساگر سے حیدرآباد پینے کے پانی کی سربراہی،شہری علاقوں میں بھی غریب افراد کیلئے اندراماں مکانات کی منظوری کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔

Counting

الیکشن کمیشن کے مطابق گرام پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلہ میں 80.84 فیصد ووٹنگ ہوئی۔پولنگ کا وقت ختم ہونے تک رائے دہندے قطار میں تھے جس سے پولنگ کی شرح میں اضافہ کا امکان ہے۔ دوسرے مرحلہ کے ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل ہونے تک ملی اطلاعات کے مطابق سرپنچ عہدوں کیلئے کانگریس پارٹی کو واضح برتری حاصل رہی۔آخری اطلاعات ملنے تک کانگریس کے تائیدی 800 مقامات پر بی آر ایس کے تائیدی 250 مقامات پر،بی جے پی کے تائیدی 80 مقامات پر کامیاب ہوئے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 48 گھنٹوں کے دوران بعض اضلاع میں اقل ترین درجہ حرارت کے معمول سے دو تا تین ڈگری کم درج ہونے کا امکان ہے۔ ریاست کے کئی مقامات پر درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ تک درج کیا جاسکتا ہے۔اسی طرح حیدرآباد کے مضافات میں بھی سردی کی شدید لہر دیکھی جارہی ہے۔

OO